# نیشنل بینک آف پاکستان

# غیر معمولی اجلاسِ عام

نوٹس ہذا کے ذریعے اطلاع دی جاتی ہے کہ نیشنل بینک آف پاکستان (''بینک'') کا غیر معمولی اجلاسِ عام ("EOGM") بروز منگل، مورخہ 25 جولائی، 2023 بمطابق پاکستان کے معیاری وقت دن 4:00 بجے ذاتی موجودگی اور الیکٹرانک ذرائع پر منعقد ہوگا۔

حصص یافتگان (شیئر ہولڈرز) کا یہ اجتماع گرینڈ بال روم، پرل کانٹی نینٹل ہوٹل، کلب روڈ، کراچی میں منعقد ہوگا۔

اجلاس میں مندرجہ ذیل امور سرانجام دیئے جائیں گے۔

1۔ مورخہ 30 مارچ 2023 کو کراچی میں منعقدہ حصص یافتگان کے 74 ویں سالانہ اجلاس عام کی کاروائی کی توثیق۔

2۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (1) 159 کے مطابق بورڈ آف ڈائریکٹرز کے مقرر کردہ آسامی کی رو سے ڈائریکٹر کے عہدے پر اپنی مدت پوری کرنے والے جناب فرید ملک صاحب کی جگہ پرائیویٹ شیئر ہولڈرز میں سے ایک (01) کا عرصہ تین سال کے لئے انتخاب۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹر دوبارہ انتخاب میں حصہ لینے کے اہل ہیں۔

3۔ چیئرمین کی اجازت سے کسی دیگر کاروباری معاملے پر کاروائی۔

بحکم بورڈ

کراچی

بتاریخ: 04-07-2023

ایس ایم علی ضامن

سیکرٹری (بورڈ)

**نوٹس:**

بینک کی منتقلی حصص کی کتب مورخہ 18 جولائی، 2023 سے 25 جولائی، 2023 (بشمول دونوں ایام) تک بندر ہیں گی۔ میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس 99-بی، بلاک ''بی''، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400 کو مورخہ 17 جولائی 2023 تک کاروباری اوقات ختم ہونے سے پہلے، بینک کے رجسٹرار اور شیئر ٹرانسفر ایجنٹ کو موصول ہونے والی منتقلیاں، اجلاس میں شرکت کے استحقاق کے لئے بروقت تصور کی جائیں گی۔

**غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت:**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("SECP") کی جانب سے جاری کردہ خط نمبر ایس ایم ڈی/ایس ای/2(20)/117/2021 مورخہ 15 دسمبر، 2021 میں دی گئی متعلقہ ہدایات اور رہنما اصولوں کے مطابق ممبران کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ غیر معمولی اجلاس عام میں بینک کی طرف سے فراہم کردہ الیکٹرانک سہولت کے ذریعے شریک ہوں۔

**الف) الیکٹرانک ذرائع سے اجلاس میں شرکت:**

غیر معمولی اجلاس عام میں الیکٹرانک سہولت کے ذریعے شرکت کرنے والے ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ مورخہ 24 جولائی، 2023 بوقت 05:00 بجے شام تک CDC شیئر رجسٹرار اور سروسز لمیٹڈ کی ای میل cdcsr@cdcsrsl.com یا واٹس ایپ نمبر 0321-8200864 پر خود کو رجسٹر کروالیں اور ان سے التماس ہے کہ وہ مندرجہ ذیل فارمیٹ پر تفصیلات مہیا کریں۔

| نمبر شمار | کمپنی کا نام | قومی شناختی کارڈ نمبر | شیئر ہولڈر کا نام | فولیو نمبر/CDC کاؤنٹ نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | این بی پی | | | | | |

الیکٹرانک سہولت کی تفصیلات ممبران کی طرف سے فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر فراہم کردی جائیں گی۔ مورخہ 25 جولائی، 2023 کو لاگ ان سہولت دوپہر 3:30 بجے کھول دی جائے گی تاکہ شرکاء اجلاس شروع ہونے کے مقررہ وقت شام 4:00 بجے سے پہلے پہچان اور تصدیق کے عمل سے گزر کر اجلاس میں شریک ہوسکیں۔

**ب) اجلاس میں ذاتی طور پر شرکت:**

کراچی میں شیئر ہولڈرز کے لئے روبرو اجتماع گرینڈ بال روم، پرل کانٹی نینٹل ہوٹل، کلب روڈ، کراچی میں منعقد ہوگا۔

**ج) پراکسیز کے ذریعے اجلاس میں شرکت:**

(i) تمام ممبران جو کہ غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں، کسی بھی دوسرے ممبر کو تحریری طور پر پراکسی مقرر کرسکتے ہیں۔ ایک قانونی ادارہ رکن ہونے کے ناطے کسی بھی فرد کی حیثیت سے قطع نظر، خواہ وہ ممبر ہو یا نہیں، پراکسی کے طور پر تقرری کرسکتا ہے۔

(ii) پراکسی انسٹرومنٹ ہر لحاظ سے مکمل ہونا ضروری ہے اور موثر ہونے کے لئے اجلاس کے انعقاد سے 48 گھنٹے قبل شیئر رجسٹرار یا سیکریٹری بورڈ کے دفتر، دوسری منزل، NBP ہیڈ آفس، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی پر جمع کروانا ہوگا۔

(ii) الیکٹرانک سہولت کے ذریعے میٹنگ میں شرکت کیلئے پراکسی ہولڈرز کا ای میل ایڈریس اور موبائل نمبر پراکسی فارم میں ہونا لازمی ہے۔

(iv) اگر کوئی ممبر کسی ایک میٹنگ کے لئے ایک سے زیادہ ممبرز کو پراکسی مقرر کرتا ہے یا کسی پراکسی کے ایک سے زیادہ انسٹرومنٹس رجسٹرار کے پاس جمع کروائے جاتے ہیں تو پراکسی کے ایسے تمام انسٹرومنٹس کو غلط قرار دیا جائے گا۔

**د) شیئر ہولڈرز کو پراکسی تقرری کے لیے درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا:**

i) انفرادی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈرز یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز اور/یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد وضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی جاتی ہیں مندرجہ ذیل تقاضوں کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائیں:

الف) پراکسی فارم دو افراد کے بطور گواہ دستخط کے ساتھ جمع کروایا جائے جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں۔

ب) قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی بینیفیشل مالکان اور پراکسی کے پاسپورٹ کی کاپی پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائے گی۔

ii) قانونی ادارے کی صورت میں نامزد شخص کے دستخط کے نمونے کے ساتھ اصل یا باضابطہ تصدیق شدہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یا پاور آف اٹارنی میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ یا سیکریٹری بورڈ کے دفتر، دوسری منزل، این بی پی ہیڈ آفس، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی میں پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرانا ہوگا۔ (اگر وہ پہلے فراہم نہ کردیئے گئے ہوں)۔

(پراکسی فارم کو نوٹس کے ساتھ بھیجا جارہے ہیں اور یہ این بی پی کی ویب سائٹ www.nbp.com.pk پر بھی دستیاب ہے)۔

○ فزیکل شکل میں شیئر ہولڈنگ رکھنے والے ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی اطلاع فوری طور پر بینک کے رجسٹرار/شیئر ز ٹرانسفر ایجنٹ یعنی میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو دیں۔ سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک "B"، S.M.C.H.S، مین شاہراہ فیصل، کراچی۔ جبکہ بک انٹری فارم میں شیئر ہولڈنگ رکھنے والے ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے متعلقہ اسٹاک بروکر/سی ڈی سی۔ انوسٹر اکاؤنٹ سروسز کو مطلع کریں۔

**2۔ ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے والے امیدواروں کے لیے اہلیت کا معیار:**

1۔ ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند رکن، EOGM کے انعقاد کی تاریخ سے 14 دن قبل، بینک کے سیکرٹری (بورڈ) کے پاس اس کے رجسٹرڈ دفتر، بمقام دوسری منزل، NBP ہیڈ آفس، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی میں، درج ذیل فائل کرے گا:

a) کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159(3) کے تحت بطور ڈائریکٹر انتخاب کے لیے اپنے آپ کو پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس اور ایکٹ کی دفعہ 167 کے تحت دستخط شدہ فارم۔ 28 کے ہمراہ۔ اس بات کی بھی تصدیق کرتا/کرتی ہے کہ:

i) وہ ایکٹ کے سیکشن 153 اور 177 کے ساتھ ساتھ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان، اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے کسی دیگر قابل اطلاق قوانین، قواعد وضوابط کے مطابق بینک کا ڈائریکٹر بننے کے لیے نااہل نہیں ہے۔

ii) وہ ڈائریکٹر کے طور پر خدمات سرانجام دے رہا ہے یا متعلقہ ضوابط میں مطلوبہ پانچ سے زائد لسٹڈ کمپنیوں میں ایک ساتھ متبادل ڈائریکٹر کے طور پر نامزد نہیں ہے۔

iii) وہ (i) کسی غیر قانونی سرگرمی سے وابستہ نہیں ہے، خاص طور پر بینکنگ کاروبار سے متعلق؛ (ii) اپنی انفرادی حیثیت میں یا ملکیتی یا کسی شراکتی فرم یا کوئی پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنی یا کوئی غیر فہرست شدہ پبلک کمپنی یا کوئی لسٹڈ پبلک کمپنی (جس کا وہ مالک، پارٹنر، ڈائریکٹر یا حصص یافتہ رہا ہے)، کسی مالیاتی ادارے پر واجب الادا واجبات کی ادائیگی اور/یا کسی ٹیکس کی ادائیگی میں نادہندہ نہیں ہے۔ مزید اسے کسی دوسرے بینک/ڈی ایف آئی کا ڈائریکٹر نہیں ہونا چاہیے یا کسی (a) منی چینجر کے چیئرمین، ڈائریکٹر، سی ای او، سی ایف او، چیف انٹرنل آڈیٹر، ریسرچ اینالسٹ یا ٹریڈر (جس نام سے بھی ہو)، (b) اسٹاک ایکسچینج کا ممبر، (c) کارپوریٹ بروکریج ہاؤس اور (d) کوئی بھی کمپنی/ادارہ جو مذکورہ بالا (a) تا (c) میں مذکور افراد کی ملکیت یا کنٹرول میں ہے، کام نہیں کرنا چاہیے۔

iv) ایکٹ کے سیکشن-166 کے تقاضوں کے لحاظ سے، جو CCG کے ضابطہ (3)6 کے ساتھ پڑھا گیا ہے، نیز 22 نومبر، 2021 کو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے جاری کردہ کارپوریٹ گورننس ریگولیٹری فریم ورک کے ضمیمہ III کے تحت مقررہ کردہ معیارات پر فراہم کیا جانا چاہیے، بصورت اطلاق۔

2۔ وہ ممبر جو ڈائریکٹر کے عہدے کے لئے انتخابی عمل میں حصہ لینے کا خواہشمند ہے اسے بینک کے حصص اپنے حق میں کم از کم دس ہزار روپے کی رقم (فی کس 10.00 روپے کے حساب سے 1000 شیئرز) میں رکھنے چاہئیں۔ انتخابی عمل میں حصہ لینے والا شخص یہ حلف دے گا کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، PSC, 2019، PSX رولز، NBP ریگولیشنز، NBP آرڈیننس اور SBP کے CGRF کے تحت ڈائریکٹرز کے فرائض اور اختیارات سے بخوبی واقف ہے اور ایک حلف یہ کہ وہ رجسٹرڈ ٹیکس دہندہ ہے۔

3۔ SECP کے SRO 1196(I)/2019 بتاریخ 03 اکتوبر، 2019 کے تحت دفتر کے پتہ کے ہمراہ ایک تفصیلی پروفائل (NBP کی ویب سائٹ پر آویزاں کرنے کے لئے)۔

4۔ امیدوار کو ذیلی دفعہ (1) کے تحت انتخاب کے لئے اہل ہونا چاہئے اور NBP آرڈیننس، 1949 کے سیکشن-17 کی ذیلی دفعہ (2) کے تحت نااہل قرار نہیں ہونا چاہئے۔

5۔ مورخہ 22 نومبر 2021 کو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے جاری کردہ کارپوریٹ گورننس ریگولیٹری فریم ورک میں مجوزہ ضمیمہ کے ہمراہ 'فٹ اینڈ پروپر ٹیسٹ' (FPT) پروفارما بھی فراہم کیا جانا چاہئے۔

6۔ جانچ پڑتال کے بعد تمام کاغذات نامزدگی فوری طور پر منظوری کے لیے اسٹیٹ بینک میں جمع کروائے جائیں گے۔

7۔ جس شخص کو اسٹیٹ بینک نے بینک کے ڈائریکٹر کے عہدے پر فائز ہونے کی اجازت نہیں دی۔ اسے الیکشن میں حصہ لینے یا ڈائریکٹر کا عہدہ سنبھالنے کی اجازت نہیں ہوگی، جیسا بھی معاملہ ہو۔

8۔ اس غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا اہل ممبر دوسرے ممبر کو اپنی طرف سے شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لیے اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ حکومت پاکستان، اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور کوئی بھی کارپوریشن، بینک کا رکن ہونے کے ناطے، پاور آف اٹارنی یا بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد کے تحت غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کے لیے کسی بھی شخص کو اپنا نمائندہ نامزد کرسکتی ہے۔ تاہم، اسٹیٹ بینک اور دیگر سرکاری شیئر ہولڈرز جیسے اکثریتی شیئر ہولڈرز پرائیویٹ ڈائریکٹر (ز) کے انتخاب کے لیے اپنا ووٹ کا حق استعمال کرنے کے اہل نہیں ہوں گے۔ پراکسی یا نامزدگی، مؤثر اور درست ہونے کے لیے، بینک کے رجسٹرار/شیئر ٹرانسفر ایجنٹ، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس 99-بی، بلاک ''بی''، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400 کے دفتر میں، میٹنگ کے انعقاد کے لیے مقررہ وقت سے 48 گھنٹے قبل موصول ہونا ضروری ہے۔

**3۔ ڈائریکٹر کے انتخاب کا طریقہ کار:**

اگر ڈائریکٹر کے انتخاب کے لیے ایک سے زائد امیدوار ہوں، یعنی کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159(1) کے تحت بورڈ کی طرف سے مقرر کردہ تعداد سے زائد ہے، تو بینک اپنے اراکین کو ڈائریکٹر کے انتخاب کے لیے درج ذیل اختیارات فراہم کرے گا:

**ای ووٹنگ کا طریقہ کار:**

a) بینک کا شیئر رجسٹرار کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) کے ضوابط، 2018 کے مطابق ممبران کو مکمل معلومات، جس میں ویب ایڈریس، لاگ اِن کی تفصیلات، پاس ورڈ، ای ووٹنگ کی تاریخ اور دیگر ضروری تفصیلات شامل ہیں لیکن ان تک محدود نہیں، ای میل کے ذریعے؛ اور ممبران کے رجسٹر میں موجود ان کے رجسٹرڈ ای میل اور موبائل نمبر پر SMS کے ذریعے سیکیورٹی کوڈ بھیجا جائے گا۔

b) ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے ممبر کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ اِن کی تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

c) ای ووٹنگ کے ذریعے اپنا ووٹ ڈالنے میں دلچسپی رکھنے والا فرد، اپنا CNIC، موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس کی دستیابی یقینی بنائے گا اور کسی کارپوریٹ ادارے کی صورت میں کمپنی کے ریکارڈ میں NTN لازمی ہے۔

d) تمام CDS اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنے شرکاء اور فزیکل شیئر ہولڈرز کے ساتھ اپنے ریکارڈ کو بینک کے شیئر رجسٹرار یعنی CDCSRL کے پاس بندش کُتب کی تاریخ سے قبل اَپ ڈیٹ کریں۔

e) الیکشن کے لیے ووٹنگ لائنیں شیئر ہولڈرز کے لیے مورخہ 21 جولائی، 2023 کو صبح 09:00 بجے سے 24 جولائی، 2023 کی شام 5:00 بجے تک کھولی جائیں گی۔

**پوسٹل بیلٹ:**

شیئر ہولڈرز یقینی بنائیں گے کہ CNIC کی کاپی کے ساتھ صحیح طریقے سے بھرے ہوئے اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر، انفرادی صورت میں اور باڈی کارپوریٹ کی صورت میں، قابل قبول شناختی دستاویزات یعنی اصل یا مستند بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی کے ہمراہ مجاز دستخط کنندگان کے CNIC کی کاپیاں بذریعہ ڈاک چیئرمین، نیشنل بینک آف پاکستان، ہیڈ آفس بلڈنگ، دوسری منزل، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی تک یا ای میل کے ذریعے eogm@nbp.com.pk پر پولنگ کے دن سے پہلے یعنی 24 جولائی، 2023 کو شام 5:00 بجے تک پہنچ جائیں۔

**ذاتی طور پر یا پراکسی کے ذریعے ووٹ کاسٹ کرنا:**

ووٹنگ کے لیے EOGM کے اجلاس کے مقام پر پولنگ بوتھ قائم کیا جائے گا۔

**کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3) 166 کے تحت بیان**

کمپنیز ایکٹ، 2017 (ایکٹ) کی دفعہ (3)166 کا تقاضا ہے کہ ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد کے لیے بلائے گئے اجلاس عام کے نوٹس ہذا کے ہمراہ مادی حقائق کا بیان منسلک کیا جائے۔

اس کے مطابق، اس امر کو یقینی بنایا جائے گا کہ منتخب ہونے والے آزاد ڈائریکٹرز ایکٹ کی دفعہ 166 اور کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب اور قواعد) ضوابط، 2018 کے تحت طے شدہ آزادی کے معیار پر پورا اتریں اور ان کا نام کسی بھی انسٹی ٹیوٹ، باڈی یا ایسوسی ایشن کے زیر انتظام آزاد ڈائریکٹرز کا ڈیٹا بینک، جو کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے ذریعے مجاز ہے۔ مزید برآں، انتخاب متعلقہ اہلیت، مہارت، علم اور تجربے کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

بینک کے موجودہ ڈائریکٹران، علاوہ نجی شیئر ہولڈر کے ذریعہ منتخب کردہ ڈائریکٹر، مذکورہ بالا انتخابی عمل میں کوئی ذاتی دلچسپی شامل نہیں ہے۔

54X4